THE
SENATE OF PAKISTAN
DEBATES

OFFICIAL REPORT

Friday, the November 19, 2021
(315th Session)
Volume X, No.07
(Nos. 01-07)

Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad

Volume X	SP.X (07)/2021
No.07	15

Contents

1. Recitation from the Holy Quran 1
2. Point of Public Importance raised by Senator Ejaz Ahmad Chaudhary regarding the Indian Forces' brutality in the Occupied Kashmir 2
   - Senator Mushtaq Ahmed 3
3. Questions and Answers 4
4. Leave of Absence 43
5. Point raised by Senator Danesh Kumar on the birth anniversary of Baba Guru Nanak 44
6. Motion Under Rule 194(1) moved on behalf of Chairman Standing Committee on States and Frontier Regions regarding arising problems in Khyber Pakhtunkhwa after merger of FATA 45
7. Motion under Rule 194(1) moved on behalf of Chairman Standing Committee on Law and Justice regarding The Constitution (Amendment) Bill 2021. (Amendment of Article 57, 62,72, 73, 86 ,89, 126, 159, 160, 162 and 166) 46
8. Motion under Rule 194(1) moved on behalf of Chairman Standing Committee on Law and Justice regarding The Constitution (Amendment) Bill, 2021. (Amendment of Article 59) 47
9. Motion Under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Law and Justice regarding [The Constitution (Amendment) Bill, 2021] (Insertion of Article 25B) 48
10. Motion Under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Law and Justice regarding [The Constitution (Amendment) Bill, 2021] (Amendment of Articles 63A, 64 and 160) 49
11. Motion Under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Law and Justice regarding [The Constitution (Amendment) Bill, 2019] (Amendment of Articles 1, 51, 59, 106, 175A, 198 and 218) 50
12. Motion Under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Law and Justice regarding [The Constitution (Amendment) Bill, 2020] (Amendment of Article 89) 51
13. Motion Under Rule 194(1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Religious Affairs and Inter-faith Harmony regarding [The Guardians and Wards (Amendment) Bill, 2021] 52
14. Presentation of first quarterly report of the Committee on Delegated Legislation 53
15. Introduction of the Protection against Harassment of Women at Workplace (Amendment) Bill, 2021 54
16. Introduction of the National Commission on the Rights of Child (Amendment) Bill, 2021 55
17. Introduction of the Juvenile Justice System (Amendment) Bill,2021 55
    - Senator Dr. Shahzad Waseem 56
18. Introduction of the Islamabad Capital Territory Child Protection (Amendment) Bill,2021 57
19. The Higher Education Commission (Amendment) Bill,2021 59
    - Senator Dr. Shahzad Waseem 59
    - Senator Sherry Rehman 60
    - Senator Syed Shibli Faraz 61
    - Senator Muhammad Farogh Naseem 62
20. The Higher Education Commission (Second Amendment) Bill, 2021 64
21. The Protection of Journalists and Media Professionals Bill, 2021 65
22. The National Accountability (Amendment) Bill, 2021 69

SENATE OF PAKISTAN
SENATE DEBATES

Friday, the November 19, 2021

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at thirty minutes past ten in the morning with Mr. Chairman (Muhammad Sadiq Sanjrani) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُبِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اَللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝١ هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَ يُزَكِّيْهِمْ وَ يُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ ۗ وَ اِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝٢ وَّ اٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ ؕ وَ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝٣ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ اللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝٤

ترجمہ: جو چیز آسمانوں میں ہے اور جو چیز زمین میں ہے سب اللہ کی تسبیح کرتی ہے جو بادشاہ حقیقی پاک ذات زبردست حکمت والا ہے۔ وہی تو ہے جس نے ان پڑھوں میں انہی میں سے (محمد ﷺ کو) پیغمبر (بنا کر) بھیجا جو ان کے سامنے اس کی آیتیں پڑھتے اور ان کو پاک کرتے اور (اللہ کی) کتاب اور دانائی سکھاتے ہیں اور اس سے پہلے تو یہ لوگ صریح گمراہی میں تھے۔ اور ان میں سے اور لوگوں کی طرف بھی (ان کو بھیجا ہے) جو ابھی ان (مسلمانوں) سے نہیں ملے۔ اور وہ غالب حکمت والا ہے۔ یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہتا ہے عطا کرتا ہے۔ اور اللہ بڑے فضل کا مالک ہے۔

(سورۃ الجمعۃ: آیات 1 تا 4)

جناب چیئرمین: جزاک اللہ۔ السلام علیکم۔ جمعہ مبارک۔ تمام اراکین تشریف

رکھیں۔ وجیہہ قمر صاحبہ، پارلیمانی سیکرٹری تعلیم یہاں پر بیٹھی ہیں۔ She is welcome to the House. بھی ہم وقفہ سوالات لیتے ہیں۔ مشتاق صاحب! اس کے بعد میں آپ کو موقع دوں گا۔ ایک معزز رکن پرانے جماعت اسلامی کے ہیں جبکہ دوسرے کے بھی ہیں، ماشاءاللہ۔ مشتاق صاحب! آپ بیٹھیں، ایک دفعہ چوہدری صاحب کو موقع دیتے ہیں، پھر آپ کو دے دیتے ہیں لیکن مہربانی فرما کر صرف دو منٹ کے لیے۔

Point of Public Importance raised by Senator Ejaz Ahmad Chaudhary regarding the Indian Forces' brutality in the Occupied Kashmir

سینیٹر اعجاز احمد چوہدری: جناب چیئرمین! میں پوری دیانتداری سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کل ایک 13 سالہ بچی کی ویڈیو وائرل ہوئی ہے جس کا تعلق مقبوضہ کشمیر کے ساتھ ہے۔

روح کا زخم پرانا ہے مگر تازہ ہے
یہی آشفتہ سری دے گی اسیری سے نجات
سر سلامت ہے تو دیوار بھی دروازہ ہے

جناب چیئرمین! اس بچی نے پورے عالمی ضمیر کو جھنجھوڑ کر اور ہلا کر رکھ دیا ہے۔ گزشتہ یکم اکتوبر سے لے کر کل تک 24 لوگ تشدد کے نتیجے میں مقبوضہ کشمیر کے اندر شہید ہوئے ہیں۔ وہ بچی قاتلوں سے یہ سوال کر رہی تھی کہ میرے والد کو آپ نے کیوں قتل کیا ہے، ان پر کیوں تشدد کیا ہے۔ اس پر قتل کرنے والے شیطانی ہنسی ہنس رہے تھے، وہ اپنے اس عمل کے اوپر شرمندہ بھی نہیں تھے۔ یہ تشدد کی ایک نئی لہر ہے جو مقبوضہ کشمیر کے اندر آئی ہے۔ اس میں ایک ڈاکٹر شامل ہیں اور یہ تاجر ہیں، الطاف بھٹ صاحب کی بیٹی جو حیدرپورہ کے اندر رہتے تھے، ان کے ساتھ یہ اندوہناک واقعہ ہوا ہے۔ آپ سے اور اراکین سینیٹ سے درخواست ہے کہ عالمی ضمیر کو جگانے کے لیے کچھ اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔ ہمیں بعض اوقات یہ پڑھایا جاتا ہے کہ کشمیر پر بات ذرا سوچ سمجھ کر کیجیے، اس لیے کہ بھارت جگہ جگہ پر بہت موثر ہے، یعنی وہاں پر کہیں ہماری بات کو جھٹلا نہ دیا جائے لیکن میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ سچ سچ ہے، حق حق ہے۔ اس کی ضرورت نہیں ہے کہ بہت ہی انبوہِ کثیر اس کا ساتھ دینے والا ہو۔ یہ ایک قابل مذمت واقعہ ہے اور بھارت کے ہائی کمشنر کو آپ کی طرف سے طلب کیا جانا چاہیے۔

جناب چیئرمین: فارن آفس طلب کرے گا، ہم نہیں کر سکتے۔

سینیٹر اعجاز احمد چوہدری: آپ فارن آفس سے ہی کہہ دیجیے۔ دوسری بات، چونکہ بہت

زیادہ کلبھوشن یادیو کا ذکر ہوا۔۔۔۔

جناب چیئرمین: جناب! بس کافی ہو گیا، پھر بات لمبی ہو جائے گی، چوہدری صاحب! آپ کا شکریہ۔ ہم نے question hour لینا ہے اور باقی کام بھی کرنے ہیں۔ آپ تشریف رکھیں۔ مشتاق صاحب! میری ایک درخواست ہے۔ چلیں ایک منٹ کے لیے بات کر لیں۔ بہت شکریہ۔

Senator Mushtaq Ahmed

سینیٹر مشتاق احمد: جناب چیئرمین! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ پیر کی رات چار کشمیری شہید کر دیے گئے جن میں ایک شہری الطاف بٹ جبکہ دوسرے ڈینٹل سرجن ڈاکٹر مدثر شامل ہیں۔ ان چار کشمیریوں کی لاشیں ان کے لواحقین کو نہیں دی گئیں۔ انڈین آرمی نے وہ لاشیں گمنامی میں اور رات کی تاریکی میں دفن کر دی ہیں۔ ایک تو state terrorism ہے کہ جس کے تحت کشمیری جو کہ innocent and qualified brain of Kashmir ہیں، میڈیکل ڈاکٹرز ہیں، ڈینٹل سرجن، پی۔ایچ۔ڈی ہیں، ان کا youth ان کا future ہیں، انہیں شہید کیا جا رہا ہے۔ پھر اس کے بعد human rights کی دوسری violation یہ ہے کہ ان کے جنازے بھی نہیں پڑھنے دیے جا رہے۔ ان کو ان کے بچوں، لواحقین اور پسماندگان کے حوالے نہیں کیا جا رہا اور رات کی تاریکی میں انہیں دفن کر دیا جاتا ہے۔ This is gross violation of the human rights. جب کشمیر میں واقعہ ہو رہا تھا، ہماری پارلیمنٹ یہاں کلبھوشن یادیو کو اپیل کا حق دینے کے لیے قانون سازی کر رہی تھی۔

جناب چیئرمین! BJP کا 21 رکنی وفد آیا ہے۔ میں حکومت سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ مقبوضہ کشمیر میں gross violations of the human rights کی جا رہی ہیں، وہاں massacre ہے، وہاں genocide ہے، قتل عام ہے، نسل کشی ہے، بدترین قسم کی ریاستی دہشت گردی ہے جبکہ ان حالات میں BJP کا 21 رکنی وفد یہاں آیا ہے اور پارٹی صدر ایشوانی شرما اس کی قیادت کر رہے ہیں۔ ہم اس کی مذمت کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین: جناب! میری گزارش سنیں۔ مشتاق صاحب! اگر آپ کو نہ بولنے دوں تو کہتے ہیں کہ چیئرمین ہمیں موقع نہیں دیتے۔ آپ لوگ ذرا چیئرمین پر بھی رحم کریں۔

سینیٹر مشتاق احمد: جناب چیئرمین! چند دن پہلے انڈین ایئر لائن کو سری نگر سے دبئی کے

لیے پاکستان کی air space استعمال کرنے کی اجازت دی گئی، ہم اس کی بھی مذمت کرتے ہیں۔ ہم کشمیریوں کے ساتھ ہیں۔

جناب چیئرمین: میری ایک گزارش ہے، آپ تشریف رکھیں۔ آپ Chair کی بات تو سن لیں۔ شیری رحمٰن صاحبہ! میں چاہتا ہوں کہ جیسے ہی یہ بزنس نکل جائے، اس کے بعد سب کو موقع دیں گے، پھر آپ لوگ ایک resolution بھی draft کریں، اسے بھی ہاؤس میں لے آتے ہیں۔ ٹھیک ہے؟ شکریہ۔ پھر اس معاملے پر بات کریں گے اور سب کو موقع دیں گے۔

Questions and Answers

Mr. Chairman: We may now take up questions. Senator Seemee Ezdi sahiba.

*Question No. 4 Senator Seemee Ezdi: Will the Minister for National Health Services, Regulations and Coordination be pleased to state:

(a) the details of laws framed for regulating medical profession in Pakistan and controlling the acts of health care providers for implementing the right of life as enunciated in Article 9 of the Constitution of Pakistan at present; and

(b) whether these laws also include medical negligence compensation, if so, its details?

Minister for National Health Services, Regulations and Coordination: (a) The Islamabad Healthcare Regulatory Authority (IHRA) was established on 22nd May, 2018 under Islamabad Healthcare Regulations Act, 2018 to regulate the healthcare sector to ensure provision of quality healthcare services in Islamabad. It is an initiative to promote healthcare safety with a mandate to provide Regulation and supervision in all forms and manifestations to the healthcare sector, both in private and public.

(b) Section 33 (1) of Islamabad Healthcare Regulation Act, 2018 empowers the Authority to investigate the complaint relating to Medical Negligence by Healthcare Provider or Healthcare Professional. While, the powers conferred under section 29, the Authority may impose fine to the offender up to 1 Million rupees.

Under Section 3 of the PMC Act 2020 to regulate and control the medical profession, it has power to initiate Disciplinary proceedings against any medical or dental practitioner in respect of any medical negligence or misconduct. While deciding on such disciplinary action penalties are imposed upon doctors, which include suspension of license for certain period, permanent cancellation of license or imposition of fine. in PMC and IHRA Acts there is provision for award of compensation to victims for any professional negligence of a medical / dental practitioner.

Mr. Chairman: Any supplementary?

سینیٹر سیمی ایزدی: میرا سوال یہ تھا کہ کون سی regulatory authority ہے جو ڈاکٹرز اور medical professionals کو regulate کرتی ہے۔ جواب میں بتایا گیا ہے کہ اسلام آباد ہیلتھ کیئر ریگولیٹری اتھارٹی ہے اور اس کے علاوہ اسلام آباد ڈینٹل ریگولیٹری اتھارٹی ہے۔ ہیلتھ کیئر ایکٹ کے تحت دیکھا جاتا ہے کہ ڈاکٹر سے کہاں negligence ہوئی ہے اور لوگوں کی complaints دیکھی جاتی ہیں، ہم نے آج تک complaints ہی سنی ہیں مگر آج تک یہ نہیں ہوا کہ۔۔۔

جناب چیئرمین: میڈم! آپ کا supplementary کیا ہے، پلیز تقریر نہ کیا کریں پھر باقی ہاؤس بھی تقریر شروع کر دے گا۔

سینیٹر سیمی ایزدی: جناب! میرا supplementary یہ ہے کہ ہم نے آج تک یہ نہیں سنا کہ complaints کا redressal ہوا ہو، کسی نے complaints سنی ہوں اور اس کے بعد ڈاکٹروں کو punish کیا گیا ہو، کوئی سزا دی گئی ہو۔ میرا سوال یہ ہے کہ کتنے

ڈاکٹروں کو آج تک سزا دی گئی ہے یا dismiss کیا گیا ہے کیونکہ یہاں پر یہ بھی لکھّا ہے کہ dismiss کیا جاتا ہے اور fine بھی کیا جاتا ہے۔

Mr. Chairman: Mr. Ali Muhammad Khan, Minister of State for Parliamentary Affairs.

علی محمد خان صاحب! ایک منٹ رکیں۔ شیخ صاحب! بتائیں جن جن Ministries کے سوالات ہیں ان کے افسران آئے ہوئے ہیں؟ مجھے ان کی لسٹ دیں۔ جی پلیز علی محمد خان صاحب۔

جناب علی محمد خان (وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور): (درود)۔ جتنی بھی Ministries کے سوالات ہیں ان کے افسران سے صبح زیادہ تر میں نے اور پھر بابر اعوان صاحب نے briefing لی ہے، سارے افسران نیچے میرے اور بابر صاحب کے chamber میں موجود ہیں اور اگر آپ اجازت دیں گے تو وہ یہاں پر بھی آ جائیں گے۔ Ministry of Education, Foreign Affairs سب کے افسران موجود ہیں۔

جناب چیئرمین: ہم نے چیمبر میں ان کا کیا کرنا ہے وہ ہاؤس میں تشریف لائیں۔

جناب علی محمد خان: جناب! COVID کی وجہ سے پابندی تھی لیکن اگر آپ relax کر دیں گے تو وہ آ جائیں گے۔

جناب چیئرمین: اب پابندی ختم ہو گئی ہے ان کو کہیں کہ یہاں ہاؤس میں تشریف لایا کریں اور جب تک business چلتا رہے یہاں بیٹھے رہیں۔

جناب علی محمد خان: جناب! سارے موجود ہیں۔ اس سوال پر میں یہ کہنا چاہوں گا کہ اگر انہیں اس کی لسٹ چاہیے تو fresh question ڈال دیں، بہرحال PMC and IHRA کا جو Act ہے اس میں compensation کے لیے اس وقت کوئی provision نہیں ہے۔ اگر یہ اپیل کرتے ہیں اور Private Members Bill لانا چاہتے ہیں تو حکومت اس کو support کرے گی، ایوان سے بھی یہی request ہے۔ اس کو لے آتے ہیں اور اس قانون میں ایک amendment کر دیتے ہیں otherwise حکومت خود بھی لا سکتی ہے لیکن فی الحال ہمارے پاس جو PMC اور IHRA Act ہے ان میں compensation کا issue نہیں ہے اور ایسی کوئی provision نہیں ہے۔ اگر آپ amendment کرنا چاہتی ہیں

then you are most welcome.

Mr. Chairman: Senator Saifullah Abro! supplementary please.

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: چیئرمین صاحب! شکریہ۔ یہ سوال Health Department سے تھا، میں نے سوچا کہ میں بھی اس موقعے سے فائدہ اٹھاؤں۔ سندھ میں health cards کا جو مسئلہ ہے اس کے بارے میں وزیر صاحب بتا سکیں گے کہ health cards کا کیا status ہے اور سندھ میں یہ کب دیے جائیں گے۔ پچھلی مرتبہ بھی میں نے اس ایوان کے توسط سے یہ گزارش کی تھی۔

جناب چیئرمین: یہ اس سوال کے ساتھ relate نہیں کرتا۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب! یہ ضروری ہے اور وزیر صاحب یہاں پر بیٹھے ہیں۔

Mr. Chairman: Honourable Minister of State for Parliamentary Affairs, please.

جناب علی محمد خان: ابڑو صاحب کا شکریہ انہوں نے بہت اہم سوال اٹھایا ہے۔ جناب! ہماری حکومت نے 2013 سے 2018 کے درمیان خیبر پختونخوا میں health cards initiate کیے جو شروع میں ساڑھے چار، پانچ لاکھ تک تھا پھر اسے بڑھاتے گئے جو اب دس لاکھ تک کر دیا ہے اور ان شاءاللہ مستقبل قریب میں kidney transplant بھی سرکاری خرچے پر ہوگا اور ان شاءاللہ اسے liver transplant تک بھی لے کر جائیں گے۔ یہ پنجاب میں بھی لے آئے ہیں، بلوچستان میں ally government ہے وہاں پر بھی ہے۔ سندھ حکومت سے ہماری درخواست ہے اور اس حوالے سے Ministry of Health نے مراد علی شاہ صاحب سے بھی رابطہ کیا ہے کہ سیاسی اختلاف اپنی جگہ لیکن وہاں یہ facility ضرور extend کریں تاکہ سندھ کے عوام کو بھی یہ سہولت ملے، ہم hopeful ہیں کہ سندھ حکومت بھی اس میں تعاون کرے، سیاست کو بیچ میں نہ لائے اور یہ health facility آپ خود دے دیں اور اگر خود نہیں دے سکتے تو پھر کم از کم ہمیں approach دیں۔ ڈاکٹر صاحبہ بیٹھی ہیں اور ہماری Health Ministry تیار ہے بس تھوڑا سا تعاون ہمیں سندھ حکومت سے درکار ہے تاکہ سندھ کے جو کروڑوں لوگ ہیں ان کو بھی یہ سہولت مل سکے۔

Mr. Chairman: Honourable Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui Sahib! supplementary please.

تنگی صاحب! تشریف رکھیں پلیز، سینیٹر صاحب کھڑے ہوئے ہیں۔

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ میں وزیر موصوف سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہاں جو private medical facilities ہیں یا private hospitals ہیں ان میں موجود facilities یا ان کا جو fee structure ہے کیا اس کے بارے میں کوئی جائزہ لیا گیا ہے یا ان کو regulate کرنے کے لیے کوئی کوشش ہوئی ہے؟ اگر ہوئی ہے تو کسی ایسے ہسپتال کے خلاف کی گئی کارروائی کو ہمارے علم میں لایا جائے۔

Mr. Chairman: Honourable Minister of State for Parliamentary Affairs, please.

جناب علی محمد خان: عرفان صاحب کا بہت اچھّا سوال ہے۔ Regulatory Authority اور ہمارے health officials جاتے ہیں لیکن یہ ایک بڑا issue ہے کہ جو private hospitals یا medical centres ہیں ان کے pricing mechanism کے متعلق کہنا چاہوں گا خاص طور پر آپریشن کے وقت یعنی جب آپ آپریشن تھیٹر کے اندر چلے جاتے ہیں تو اس وقت لواحقین اپنے مریض کے لیے کچھ بھی کر سکتے ہیں۔ لہٰذا وہاں پر issues بہر حال موجود ہیں اور ان کے pricing mechanism میں uniformity ہونی چاہیے۔ ان پر check ہے اور لوگ جاتے بھی ہیں لیکن بہر حال یہ ایک بڑا ایشو ہے اور آپ نے بالکل ٹھیک نشان دہی کی ہے جس پر زیادہ تندہی کے ساتھ کام کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ کچھ private hospitals ایسے ضرور ہیں جو لوگوں کی بیماری اور ان کی کمزوری کا ناجائز فائدہ اٹھاتے ہیں، میں اس بات کو accept کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: سینیٹر نزہت صادق صاحبہ کے questions defer کر دیں انہوں نے request کی ہے وہ آج نہیں آسکتی ہیں جی۔ سینیٹر سیمی ایزدی صاحبہ۔

Senator Seemi Ezdi: If you can give me a little time, I haven't seen this Sir.

جناب چیئرمین: آپ کیا کرتی ہیں، پڑھ کر نہیں آتی ہیں۔ ٹھیک ہے جی تھوڑی دیر بعد سوال کر لیں۔ سینیٹر نزہت صادق صاحبہ کے questions defer کر دیں۔ سینیٹر پروفیسر ڈاکٹر مہر تاج روغانی۔

سینیٹر پروفیسر ڈاکٹر مہر تاج روغانی: جناب چیئرمین: بہت بہت شکریہ۔ میرا تو سیمی ایزدی صاحبہ کے سوال پر supplementary تھا۔

جناب چیئرمین: وہ تو بعد میں آئے گا ابھی آپ اپنا سوال کریں۔

سینیٹر پروفیسر ڈاکٹر مہر تاج روغانی: میرا سوال تو بعد میں آئے گا۔

جناب چیئرمین: نہیں نہیں ابھی کر لیں، آگیا ہے۔ سینیٹر صاحبہ!.Page No. 11

سینیٹر پروفیسر ڈاکٹر مہر تاج روغانی: آگیا ہے .Oh my God. Ok Mr

Chairman! my question No. is 50.

*Question No. 50 Senator Prof. Dr. Mehr Taj Roghani: Will the Minister for National Health Services, Regulations and Coordination be pleased to state that:

(a) whether it is a fact that a large number of persons died from COVID-19 were fully vaccinated;

(b) the number of duly vaccinated persons died from COVID-19, indicating their names and the name of vaccine registered with NADRA thereof; and

(c) whether it is also a fact that some persons have submitted fake vaccination certificates without being vaccinated, if so, the steps being taken by the Government to trace and take action against them?

Minister for National Health Services, Regulations and Coordination: (a) Not a fact. The global evidence suggests that COVID-19 vaccination grossly reduces the risk of serious disease and death. The data generated nationally through the National Immunization Management System indicates the same.

(b) Fully vaccinated persons acquire optimal protection two weeks after receiving number of recommended COVID-19 vaccine doses (one or two depending upon the type used). The national data base indicates that the risk of COVID-19 infection among fully vaccinated individuals is 10 times less

than the non-vaccinated individuals. The risk of mortality associated with COVID-19 therefore, also goes down to almost negligible. It may be further useful to point out that the reasons of death among fully vaccinated individuals can be beyond COVID as well that are not captured by the COVID surveillance system.

(c) The vaccination registration, inoculation and certification system is linked to NADRA data base and hence gets automatically verified. The chances of fake vaccination certificate are therefore, close to Zero unless misused with mal intention. The NCOC has devised a stringent monitoring system to avoid such practice using local administration. Any lapse-in this context is taken very seriously and dealt accordingly under law. The NCOC further works very closely with different security agencies to identify and punish any other attempts of generating / acquiring fake certificates. The authenticity of the vaccination certificate is also verifiable by sending SMS to health-line 1166.

Mr. Chairman: Supplementary please.

مہر تاج روغانی کو پشتو زیادہ اچھّی سمجھ آتی ہے۔

سینیٹر پروفیسر ڈاکٹر مہر تاج روغانی: پہلے portion سے تو میں agree کرتی ہوں اور satisfied ہوں۔ اس کا جو second portion ہے اس میں انہوں نے لکھّا ہے کہ جو fake vaccination cards بناتے تھے ان کو یہ سزائیں دے رہے ہیں یا دیں گے جو میں نے ابھی پڑھا ہے۔

I would just like to know that how many people are being punished till now who have made the fake vaccination cards because it is very important.

Mr. Chairman: Honourable Minister of State for Parliamentary Affairs.

جناب علی محمد خان: جناب! اس کا ریکارڈ ابھی تک ہمارے پاس نہیں ہے کہ کتنے fake cards بنے ہیں لیکن بہر حال لوگوں نے اس کی کوشش ضرور کی ہے۔NCOC نے make sure کیا ہے کہ fake certification کم سے کم ہو لیکن بہر حال ہمارے سسٹم میں lower level پر یہ امکانات رہتے ہیں اور کچھ نہ کچھ ایسے issues ضرور ہوئے ہوں گے لیکن ابھی تک ہمارے پاس اس کا collective data نہیں ہے۔ابھی اس سوال کو لے لیتے ہیں اور کسی اگلے اجلاس میں اس کا data بھی آپ کو دے دیں گے کہ کن لوگوں کے خلاف کارروائی کی ہے لیکن یہ issues بہت بڑی تعداد میں نہیں ہیں کیونکہ NCOC کا سسٹم اللہ کے کرم سے بڑا بہترین اور foolproof چل رہا ہے لیکن کچھ issues notice کئے گئے ہیں جیسا کہ ڈاکٹر صاحبہ نے اشارہ کیا ہے
and we will give her the complete figures after some time.

جناب چیئرمین: جی ڈاکٹر صاحبہ۔

سینیٹر پروفیسر ڈاکٹر مہر تاج روغانی: سب سے پہلے تو میں علی محمد صاحب کا بہت شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں کیونکہ انہوں نے جو Homeopathic and Ayurvedic Bill پاس کروایا ہے and I am really grateful to him, he has done a wonderful job for the people of Pakistan.

جناب چیئرمین: یہ سارے آپ سے ڈرتے ہیں، آپ وہاں پر سب کی استاد رہی ہیں۔

Senator Prof. Doctor Mehr Taj Roghani: Coming back to this I would request Mr. Ali Muhammad to please collect this information regarding fake cards. Thank you.

جناب چیئرمین: علی محمد صاحب! یہ جلدی پتا کرکے بتائیں۔جی سیمی ایزدی! کیا آپ تیار ہیں، پہلے سوال نمبر تو بتائیں۔

*Question No. 47 Senator Seemee Ezdi: Will the Minister for National Health Services, Regulations and Coordination be pleased to state

(a) the mandate as well as responsibilities of this Ministry in controlling population growth and promoting family planning after the 18th amendment; and

(b) whether there is any proposal under consideration of the Government to formulate a national family planning policy / national action plan for family planning in this regard, if so, its details?

Minister for National Health Services, Regulations and Coordination: (a) Mandate as well as responsibilities of this ministry in controlling population growth and promoting family planning after the 18th constitutional amendments are as under:

- Planning and Development Policies pertaining to Population Programmes in the country.
- Mainstreaming population factor in development planning.
- Dealing and agreements with other countries and international organizations in matters relating to Population Planning Programs.

(b) A National Population Action Plan for operationalization of the CCI Recommendations regarding alarming high population growth rate in the country has been prepared by M/o National Health Services, Regulations and Coordination in consultation with the Provincial & Regional Governments and approved by the Federal Task Force on Population headed by the honourable President of Pakistan and membered by the Chief Ministers of all Provinces, and GB and Prime Minister of AJ&K, among others.

Under the National Population Action plan, the following national targets have been set:

- Increase Contraceptive Prevalence Rate (CPR) from 34% (2017 baseline) to 50% in 2025.
- Reduce Total Fertility Rate (TFR) from 3.6 (2017 baseline) to 2.8 in 2025.
- Reduce Population Growth Rate (PGR) from
- 2.4% (2017 baseline) to 1.5% in 2025.

Mr. Chairman: Any supplementary.

Senator Seemee Ezdi: Supplementary is that under the 18th Constitutional Amendment the provision of health had gone to the Provinces so

میں یہ پوچھنا چاہوں گی کہ جو یہاں پر رہ گئی ہیں وہ ذرا بتا دیں پلیز۔

Mr. Chairman: Honourable Minister of State for Parliamentary Affairs please.

جناب علی محمد خان: جناب! صوبوں کے پاس چلی گئی ہیں لیکن National Action Plan ہمارے under ہے۔ ہم ان کی coordination بھی کرتے ہیں اور ظاہر ہے کہ ICT وغیرہ کو ہم دیکھتے ہیں لیکن ہمارا چاروں صوبوں اور AJK, GB سب کے ساتھ رابطہ رہتا ہے۔AJK میں صوبائی سطح پر یا ریاستی سطح پر وہ لوگ دیکھتے ہیں لیکن ہماری جو مرکزی وزارت ہے وہ ان سے رابطے میں ضرور رہتی ہے اور ہم نے آپ کو یہ بہت detailed sheet دی ہے۔

جناب چیئرمین: فیصل جاوید! تشریف رکھیں۔

جناب علی محمد خان: ہماری مرکزی حکومت National Action Plan on Population Reduction کے لیے جو کچھ کر رہی ہے وہ اس detail sheet میں ہم نے بتایا ہے کہ ہماری آبادی جو نہایت تیزی کے ساتھ بڑھ رہی ہے اس کے لیے کیا کیا اقدامات کیے جانے چاہییں۔ ہم نے آپ کو پچھلے کئی سالوں کی اپنی activities کا پورا result card دیا ہے جو آپ کے پاس موجود ہے۔

جناب چیئرمین: سینیٹر مہر تاج روغانی صاحبہ۔

Senator Prof. Doctor Mehr Taj Roghani: Thank you very much. Very important question of Senator Seemee Ezdi.

علی محمد خان کو تو خود بھی ماشااللہ قرآن شریف کا ترجمہ آتا ہے۔ میرا ان سے سوال ہے کہ جس پر کبھی کبھی میں خود بھی double minded ہو جاتی ہوں، کیوں ہو جاتی ہوں کہ خدا قرآن شریف میں فرماتا ہے کہ رازق میں ہوں تو اگر رازق خدا ہے تو family planning کی کیا پوزیشن ہے، نمبر1۔ میں نے اس لیے مولانا لکھا تھا کہ عالم دین ہمارے لیے علی محمد صاحب ہیں۔ اس کا جواب ہمیں دے دیں۔

نمبر دو یہ ہے کہ میں فیملی پلاننگ کے ساتھ تقریباً 30,40 سال سے کام کر رہی ہوں۔ Dent بھی نہیں پڑا بلکہ .rather it has increased تو میرا سوال ہے، منت ہے اور درخواست ہے کہ براہ کرم اس میں مولانا صاحبان کو بھی شامل کریں کہ لوگوں کے ذہنوں میں یہ معاملہ clear کرانا چاہیے۔

Mr. Chairman: Very good suggestion which is to be noted by the Minister. I am sure. Thank you. Yes, Ali Muhammad Khan Sahib.

جناب علی محمد خان: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ رسول اکرم خاتم النبیین ﷺ نے فرمایا تھا کہ علم حاصل کرو چاہے تمہیں چین جانا پڑے۔ Seek knowledge from cradle to the grave. شریعت کا علم مدینہ میں تھا۔ چین میں دنیاوی علم تھا۔ اس امت کو کیا پیغام ہے۔ پہلی وحی جو غار حرا میں حضور نبی کریم خاتم النبیین ﷺ کے سینہ اطہر پر اتری وہ کیا تھی۔ وہ یہ تھی کہ پڑھ۔ حدیث شریف کا مفہوم ہے کہ حکمت مومن کی گم شدہ میراث ہے۔ اس پر علمائے کرام کو ضرور بیٹھنا چاہیے۔ رازق بے شک اللہ تعالیٰ ہے اس میں کیا شک ہے لیکن موجودہ وقت کے تناظر میں علمائے کرام اس پر اجتہاد کر سکتے ہیں۔ اسلامی نظریاتی کونسل موجود ہے۔ ہم تو عالم نہیں ہیں۔ اس لیے آئینی طور پر ایک ادارہ ہم نے بنایا ہے۔ وہ اس پر رائے دیں۔ اسلام زندہ اور ہر دور کا مذہب ہے۔ اسلام ایک progressive مذہب ہے۔ لوگ اپنے آپ کو progressive کہتے ہیں لیکن سب سے progressive دین دنیا میں اگر ہے تو وہ اسلام ہے۔ موجودہ حالات کے تناظر میں علمائے کرام اس پر بہتر رائے دے سکتے ہیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: معزز سینیٹر زرقا سہروردی تیمور صاحبہ! ضمنی سوال۔

سینیٹر زرقا سہروردی تیمور: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ بہت شکریہ، جناب چیئرمین! بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ تو رازق ہے۔ یہ بہت important ہے۔ 2015 میں ہمارے سارے

علماء اکٹھے ہوئے۔ انہوں نے اس پر ایک قرارداد بنائی لیکن اس پر ہمارا impetusاس لیے نہیں ہے کیونکہ ہم من حیث القوم اس پر impetus نہیں لے کر آ رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ میں Ministry of Population Welfare and Health سے بہت مرتبہ پوچھ چکی ہوں کہ Population Welfare کا بجٹ کتنا ہے اور اس میں سے کتنا salariesپر خرچ ہوتا ہے اور constructiveکام کے لیے کتنا باقی بچ جاتا ہے۔ اس کا جواب مجھے کبھی نہیں ملا۔ میری آپ سے استدعا ہے کہ آپ مجھے اس کا جواب دے دیں کہ Ministry of Population Welfareکا بجٹ کتنا ہے۔

جناب چیئرمین: ویسے یہ devolved subject ہے۔ فیڈریشن میں اس کا کوئی کام نہیں ہے۔

سینیٹر زرقا سہروردی تیمور: جناب چیئرمین! ادھر اسلام آباد میں بھی ہے۔

جناب چیئرمین: یہاں پر تو صرف ایک DHO بیٹھتا ہے۔

جناب علی محمد خان: جناب چیئرمین! میں اس کو ساری رات دیکھتا رہا ہوں۔ اس کی وجہ سے تو میں رات کو سو نہیں سکا لیکن یہ portion میری نظر سے نہیں گزرا۔ ہمارے جوابات میں یہ شامل نہیں ہے لیکن یہ بڑا relevantسوال ہے۔ صوبوں کے بارے میں بھی ہم آپ کے لیے منگوا سکتے ہیں۔ میں ایک چیز ویسے آپ کو بتا دوں۔ یہاں پر ہمارے Constitutional experts بھی بیٹھے ہیں۔ PPP and PML (N)کے بھی ماہرین موجود ہیں۔ ڈاکٹر بابر اعوان صاحب تو موجود ہی ہیں۔

جناب چیئرمین: شہادت اعوان صاحب بھی موجود ہیں۔

جناب علی محمد خان: وہ خود Lawپر authority ہیں۔ دیکھیں! 18ویں ترمیم کا مقصد یہ نہیں تھا کہ ایوان بالا اور ایوان زیریں ہاتھ کھڑے کرکے ہم یہاں پر صرف بیٹھ جائیں۔ عوام کا سب سے مقتدر ایوان یہ ہے۔ یہ House of the Federation ہے۔ اگر ہمارے direct controlمیں کوئی چیز نہ بھی ہو اور ہم نے اسے delegate کیا ہے لیکن اس ایوان کو پورا پورا حق ہے کہ وہ ان چیزوں کے بارے میں تدارک کریں، سوچیں، منصوبہ بندی کریں اور عرق ریزی سے اس کے لیے سوچ پیدا کی جاسکے۔ جو سوال آپ یہاں پر پوچھیں گے، ہمارے پاس اس کا جواب ہونا چاہیے۔ صوبے اس ملک کی بنیادی اکائی ہیں اور federating units ہیں لیکن this is the House of the

Federation and this is the Senate of Pakistan کوئی چیز یہاں سے مخفی نہیں ہے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: معزز پروفیسر ساجد میر صاحب۔

*Question No. 51 Senator Professor Sajid Mir: Will the Minister for National Health Services, Regulations and Coordination be pleased to state the percentage of price increase made in life saving drugs and general medicines during the last one year 2020 as compared to 2019?

Minister for National Health Services, Regulations and Coordination: Since July 01, 2016 annual increase in Maximum Retail Prices of drugs has been linked with Consumer Price Index (CPI) under Drug Pricing Policy-2015/2018 notified after approval of Federal Government.

- Accordingly, the percentage of increase made in prices of the lifesaving drugs and general medicines during the last one year (2020) as compared to 2019 is as under:

Category	2019	2020
Essential Drugs	7%	5.13%
Other than essential and lower priced drugs	10%	7.34%

Moreover, following increases were allowed with the approval of the Federal Government:

a. In 2019, due to devaluation of Pak. Rupee, increase @ 9% for drugs whose prices were increased under hardship category in 2018 and increase @15% for other drugs.
b. In 2020, under hardship category, increase @ 45% (average) on maximum retail prices of 94 drugs which had become non-viable to market.

جناب چیئرمین: جناب محترم سینیٹر مشتاق احمد صاحب۔

*Question No. 52 Senator Mushtaq Ahmed: Will the Minister for Foreign Affairs be pleased to state

(a) whether it is a fact that Mr. Saifullah Paracha Pakistani imprisoned in Guantanamo Bay prison has been absolved/released by American Court but he has not been handed over to Pakistan, if so, reasons of delay thereof; and

(b) the steps being taken by the Government for bringing the said Pakistani back to Pakistan?

Makhdoom Shah Mahmood Hussain Qureshi: (a & b) The U.S. Government has conveyed that the term of Mr. Saifullah Paracha in the Guantanamo Bay Detention Facility is coming to an end. Relevant authorities of both countries are coordinating with each other for completing the necessary procedural requirements to enable early repatriation of Mr. Paracha to Pakistan.

Mr. Chairman: Any supplementary?

سینیٹر مشتاق احمد: جناب چیئرمین! میں نے سوال پوچھا تھا کہ سیف اللہ پراچہ جو ایک پاکستانی ہے اور 18 ,17 سال گوانتانا موبے کی قید خانے میں رہا اور وہاں سے اب بے گناہ ثابت ہوکے رہا ہو رہا ہے۔ اس کے ساتھ اس کا بیٹا جو امریکہ میں پڑھتا تھا اس کو بھی گرفتار کیا گیا تھا۔ اس کو پہلے رہا کر دیا گیا۔ اب سیف اللہ پراچہ کو بھی 18 ,17 سال بعد رہا کر دیا ہے۔ میں نے یہ پوچھا ہے کہ اس کو پاکستان لانے کے لیے حکومت کیا اقدامات اٹھا رہی ہے۔ جواب میں حکومت نے یہ کہا ہے کہ اس ضمن میں ہم امریکہ کے ساتھ رابطے میں ہیں اور ضروری رسمی کارروائی ہو رہی ہے۔ میں محترم وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ 18 ,17 سال ایک پاکستانی بے گناہ businessman نے گوانتانا موبے میں گزارے ہیں۔ کیا یہ پاکستانیت اتنی

سستی ہے۔ کیا ہماری عزت اور وقار اتنا سستا ہے۔ کیا اس ظلم کا کوئی جواب ہے۔ کیا جن لوگوں نے ان کو امریکہ کے حوالے کیا تھا، جن لوگوں نے اس پر خاموشی اختیار کی تھی ان کا کوئی محاسبہ ہوگا۔ اب یہ ظاہر جعفر جو نور مقدم کیس میں اسلام آباد میں زیر حراست ہے۔ امریکی سفارت خانے نے ان کو package بھیجا ہے اس لیے کہ وہ امریکن شہری ہے۔ وہ اپنے قاتلوں اور rapists کو بھی دوسرے ممالک میں محفوظ کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین: میرے خیال میں اگر ادھر سے آپ تقریر کریں گے تو دوسری طرف سے بھی تقریر شروع ہو جائے گی۔

سینیٹر مشتاق احمد: جناب چیئرمین! میں یہ پوچھ رہا ہوں کہ ان کے 18 ,17 سال بے گناہ گوانتانا موبے میں قید کا ذمہ دار کون ہے۔ کیا ان ذمہ داروں کا تعین کیا جائے گا۔ کیا پرویز مشرف جنہوں نے ہزاروں پاکستانیوں کو امریکہ کو فروخت کیا تھا۔ کیا ان کو بھی کوئی سزا دی جائے گی۔ کیا عافیہ صدیقی جو ابھی تک بے گناہ ہے اور امریکی قید میں ہیں اس کو پاکستان لانے کے لیے حکومت کا کوئی منصوبہ زیر غور ہے؟

جناب چیئرمین: صرف متعلقہ سوال تک رہیں۔ جی، علی محمد خان صاحب۔

جناب علی محمد خان: جناب چیئرمین! جتنا وقت معزز مشتاق صاحب کو دیا ہے اس کا آدھا وقت مجھے دیں گے۔

جناب چیئرمین: آپ مہربانی کرکے صرف متعلقہ سوال کا جواب دیں۔

جناب علی محمد خان: دیکھیں! سوال کرکے جب آپ سیاست کرتے ہیں تو پھر جواب آپ کو "جواب آں غزل" آئے گی۔ دیکھیں! بہت بڑا ظلم ہوا کہ پاکستانیوں کو ان کے حوالے کیا گیا۔ یہ میرے لیڈر عمران خان میں دم تھا کہ اس دن کھڑا ہوا۔ یہ اس میں دم تھا کہ drone attacks کے خلاف کھڑا ہوا۔ یہ اس میں دم تھا کہ امریکہ کے خلاف اس نے وہ باتیں کیں جو اب 25 سال بعد کھربوں ڈالرز لگا کر امریکہ نے وہ سبق سیکھا ہے اور نوشتہ دیوار پڑھ لیا ہے لیکن میں مشتاق صاحب سے ضرور پوچھنا چاہوں گا کہ جن لوگوں کے درد میں آج جمعے کے دن ہم سب کو lecture دے رہے ہیں۔ ان لوگوں کو جب گوانتانا موبے میں بھیجا جا رہا تھا۔ جب پاکستانیوں کو اٹھا اٹھا کر بھیجا جا رہا تھا۔ مشرف صاحب کا زمانہ تھا۔ 17 ویں ترمیم میں ہم نے نہیں آپ لوگوں نے support کیا تھا۔ وردی میں MMA نے اس کو تسلیم کیا تھا۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: سینیٹر مشتاق احمد صاحب تشریف رکھیں۔ علی محمد خان صاحب! بس بات ہو گئی۔ سوال کا جواب دے دیں۔

Mr. Ali Muhammad Khan: Sir, that was necessary for the record to be put straight.

جماعت اسلامی اور مولانا فضل الرحمان صاحب نے مشرف کو support کیا تھا۔ اس کو صدر بھی منتخب کیا تھا۔ اس نے لوگوں کو باہر بھیجا۔ آپ عمران خان سے یہ سوال کر رہے ہیں، اپنے ضمیر سے یہ سوال کریں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: تشریف رکھیں۔ ضمنی سوال پر بات ہو رہی ہے۔

جناب علی محمد خان: ان کو کلبھوشن کی یاد بھی بڑی ستا رہی ہے۔ ان کے ساتھ مسلم لیگ (ن) کے دوست بیٹھے ہوئے ہیں۔ ان سے پوچھیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: علی محمد خان صاحب! ضمنی سوال کا جواب دیں۔ باقی ممبران تشریف رکھیں۔ علی محمد خان صاحب! Kindly ضمنی سوال کا جواب دیں۔

جناب علی محمد خان: جہاں تک اس سوال کا تعلق ہے، اس کا جواب ہم نے ان کو دے دیا ہے۔ ان کو سیاست کا شوق ہے اس لیے سیاسی جواب دے رہا ہوں۔ ہمارا رابطہ ہو رہا ہے۔ گوانتاناموبے سے اور بھی لوگ رہا ہو رہے ہیں۔ ان شاء اللہ پراچہ صاحب بہت جلد پاکستان میں ہوں گے۔

جناب چیئرمین: سینیٹرز صاحبان تشریف رکھیں۔ ڈاکٹر صاحب! آپ بھی تشریف رکھیں۔ مولانا فیض محمد صاحب تشریف رکھیں۔ سینیٹر مشتاق احمد صاحب ضمنی سوال پوچھ رہے ہیں۔ ہاؤس کا ماحول خراب نہیں کریں۔ تشریف رکھیں۔ سینیٹر مشتاق احمد صاحب کا مائک کھولیں۔ Supplementary سوال کرنے دیں۔

سینیٹر مشتاق احمد: جناب چیئرمین! میں نے یہ سوال پوچھا تھا۔

جناب چیئرمین: تشریف رکھیں، ڈاکٹر زرقا صاحبہ، فوزیہ صاحبہ اپنی سیٹ پر چلے جائیں. please

سینیٹر مشتاق احمد: میں نے تو سادہ ایک سوال پوچھا تھا، علی محمد خان flare up ہو گئے۔

جناب چیئرمین: جی سوال کا جواب دینے دیں، please تشریف رکھیں۔

سینیٹر مشتاق احمد: وزراء کو بڑے تحمل سے۔۔۔

جناب چیئرمین: مولانا صاحب! تشریف رکھیں۔آپ بھی تشریف رکھیں۔

سینیٹر مشتاق احمد: آپ وزیر ہیں، میں نے یہ سوال پوچھا تھا کہ پاکستانی اور ان کا بیٹا، سیف اللہ پراچہ جو سترہ اٹھارہ سال بے گناہ گوانتانا موبے جیل میں رہا ہے۔ وہ ابھی تک رہا کیوں نہیں ہوا، اوران کو پاکستان کیوں نہیں لایا گیا اور جن لوگوں نے ان کواوران جیسے ہزاروں کو گوانتانا موبے کے لئے امریکہ کے حوالے کیا، موجودہ حکومت نے ان کا کیا محاسبہ کیا اور عافیہ صدیقی کو پاکستان کب لا رہے ہیں؟

Mr. Chairman: Honourable Minister of State please.

جی اب سن لیں، تشریف رکھیں، میری گزارش ہے ڈاکٹر صاحب۔

جناب علی محمد خان: جناب!

کہتا ہوں وہی بات سمجھتا ہوں جسے حق
میں زہر ہلاہل کو کبھی کہہ نہ سکا قند
اپنے بھی خفا مجھ سے ہیں بیگانے بھی ناخوش۔

میں نے صرف یادداشت تازہ کرائی ہے۔۔۔

جناب چیئرمین: جناب! آپ اس پر آجائیں کہ پراچہ صاحب کے بارے میں کیا کیا ہے؟

جناب علی محمد خان: جواب ہم نے دے دیا ہے، پراچہ صاحب کے معاملے میں ان سے رابطہ ہے۔

جناب چیئرمین: افنان please سوال کا جواب سنیں۔

جناب علی محمد خان: بہت جلد ان شاء اللہ وزارت خارجہ کے تعاون سے پراچہ صاحب ملک میں واپس آئیں گے لیکن پھر بھی یادداشت تازہ کردوں۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: فیصل سلیم صاحب اور ڈاکٹر افنان دونوں تشریف رکھیں، سید تاج حیدر صاحب، ضمنی سوال۔ ابڑو صاحب! تشریف رکھیں، تاج حیدر صاحب ضمنی سوال کر رہے ہیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: فیصل صاحب!آپ کیا کررہے ہیں، وہ ضمنی سوال کے لئے کھڑے ہیں۔ تشریف رکھیں۔

سینیٹر تاج حیدر: ایک امریکی عدالت نے کہا ہے کہ وہ بے گناہ ہیں۔

جناب چیئرمین: جناب! بہرہ مند تنگی صاحب!.please, no cross talk چھوڑیں، تاج حیدر صاحب کھڑے ہیں،.Senior parliamentarian جی بتائیں۔

سینیٹر تاج حیدر: جناب عالی! میرا سوال یہ ہے کہ ایک امریکی عدالت نے انہیں بے گناہ قرار دیا ہے۔ امریکی قانون کے تحت اگر عدالت بے گناہ قرار دے تو جتنے دن انسان ناجائز طور پر گرفتار رہا ہو اس کو compensation دیا جاتا ہے۔ کیا وزارت خارجہ کوئی compensation demand کررہی ہے جس سے آپ کی foreign exchange position بہتر ہو جائے یا وہ بھی پاکستانی قانون کی طرح ہی امریکی قانون کو سمجھ رہی ہے؟

Mr. Chairman: Honourable Minister of State.

جناب علی محمد خان: تاج حیدر صاحب نے بڑا اچھا سوال کیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں یہ compensation issue بھی ادھر اٹھایا جائے گا۔ Ministry of Foreign Affairsکا ان سے رابطہ ہے اور جس طرح میں نے عرض کیا کہ گوانتاناموبے سے اور بھی بہت سے قیدی چھوٹ رہے ہیں۔ ان شاءاللہ یہ بھی ملک میں واپس آجائیں گے۔ Compensation issue ان شاءاللہ اٹھایا جائے گا۔

جناب چیئرمین: شکریہ جی، سینیٹر افنان اللہ صاحب، ضمنی سوال۔ فیصل جاوید صاحب! تنگ نہ کریں، بیٹھیں اپنی جگہ پر۔ معزز ممبران اپنے نمبر پر بات کیا کریں۔

سینیٹر افنان اللہ خان: جناب چیئرمین! شکریہ۔ میں تھوڑی سی بات کروں گا، پھر میرا ایک سوال ہے۔ میں معزز وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ وہ ہمیں یہ بتادیں کہ وہ کونسے وزراء تھے جو پرویز مشرف کے ساتھ تھے اور آج آپ کے ساتھ بھی ہیں۔

جناب چیئرمین: شکریہ جی، یہ اس سے relate نہیں کرتا،ایوان کا ماحول پہلے بہت خراب ہے۔ تشریف رکھیں۔ سینیٹر فوزیہ ارشد صاحبہ۔ محسن عزیز صاحب! فوزیہ ارشد صاحبہ کا سوال سنیں۔ میری آپ سے humble submission ہے، جذباتی نہ ہوں، تازہ تازہ

سٹنٹ ڈلوائے ہیں، سکون سے رہیں۔جی۔ ہم دعاگو ہیں اللہ تعالیٰ آپ کو صحت دے۔ پھر ضرور اس ایوان میں اسی طرح گرجیں، برسیں۔ فی الحال احتیاط کریں۔جی۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: میرا سوال وزارت صحت سے تھا کہ کتنی ڈسپنسریاں اور کتنے BHU اسلام آباد میں ہیں کیونکہ ہمارا اسلام آباد پچاس یونین کونسلوں پر مشتمل ہے جن میں 32 rural areas میں ہیں اور 18 sectoral areas میں ہیں تو یہاں مجھے جو سوال کا جواب ملا ہے اس میں name of health facilities کا نمبر Rural میں تین ہیں اور میں اس میں بس یہی درخواست کرتی ہوں کہ چونکہ خان صاحب کا vision ہے for the betterment of the people۔۔۔

جناب چیئرمین: ضمنی سوال کیا ہے؟

سینیٹر فوزیہ ارشد: ضمنی سوال یہ ہے کہ ابھی جو نمبر دیئے گئے ہیں، میری یہ خواہش ہے کہ اس نمبر کو مزید بڑھایا جائے۔

Mr. Chairman: Good suggestion.

سینیٹر فوزیہ ارشد: دوسرا میرا یہ سوال ہے جس میں لکھا ہوا ہے، Page 15, Annex-I پر پہلی لائن ہے Dispensaries functioning without creation/sanction of the post and Budget اس میں معلوم کرنا چاہوں گی کہ یہ کیوں اور کب سے ہے؟ میری ایک اور خواہش ہے کہ kindly یہ لوگ regular ہو جائیں، تاکہ کوئی وجہ نہ ہو جس میں کوئی خامی یا کوتاہی ہو تاکہ لوگوں کو صحت یعنی basic necessities of life ملیں۔ بس یہی میرا concern اور یہی میری ان سے request ہے۔

Mr. Chairman: Thank you, honourable Minister of State for Parliamentary Affairs please, suggestions آپ نے نوٹ کرلی ہوں گی۔ وزارت کو forward کردیں۔فیصل جاوید supplementary question please. جی کیا ضمنی سوال ہے اسی سوال پر، debate نہ کریں، اسی سوال پر رہیں۔

سینیٹر فیصل جاوید: اسی سے متعلقہ سوال ہے، وزیر صاحب جب بات کر رہے تھے اسی سوال کا تو انہوں نے یاددہانی کے لئے ایک بات کی تھی۔ میرا ان سے سوال یہ ہے کہ وہ تاریخ کیا تھی۔۔۔۔

جناب چیئرمین: یہ Healthکے بارے میں سوال آگیا ہے آپ پیچھے رہ گئے ہیں۔ شکریہ۔

سینیٹر فیصل جاوید: وزیر صاحب کی بات سے ہی بات کر رہا ہوں۔

Mr. Chairman: Thank you, Next question

پر جا چکے ہیں۔please concentrate کریں جوbusiness چل رہا ہوتا ہے اس پر focus کریں، فیصل جاوید صاحب! شکریہ۔

Next question, Senator Fawzia Arshad, page 19. Yes Madam.

سینیٹر فوزیہ ارشد: آپ سے دوبارہ یہی گزارش ہے کہ چونکہ اسلام آباد کی آبادی بڑھتی جارہی ہے اور اس میں بہت زیادہ migration ہو رہی ہیں، مختلف صوبوں سے لوگ آتے ہیں اور سکول 424 ہیں۔ ہماری آبادی پچیس لاکھ کے قریب ہو گئی ہے۔ میری یہی گزارش ہے کہ انpublic schools کا نمبر بھی بڑھایا جائے۔

Mr. Chairman: Honourable Minister of State for Parliamentary Affairs.

جناب علی محمد خان: جناب! میڈم اسلام آباد سے ہیں

and it is good to see that parliamentarians from Islamabad raising issues of the residents of Islamabad regarding education and health. I just want to bring it in your kind notice that *Alhamdolillah* we have 424 education institutions in Islamabad which have boys and girls, Primary Schools and colleges, secondary and higher secondary schools.

The good thing for her and for the whole House is that the government of day is bringing seven new educational institutes *Insha Allah* and I have the complete list of those which is the big landmark step of this government of Mr. Imran Khan Sahib. Because he is always focusing in education even when he was not in government, he have had the opportunity and he took initiative to bring in Namal College in Mianwali. Here we have seven institutes, some for

boys and some for girls, which should be a gift from the government of Imran to the people of Islamabad. No.1, Islamabad Model College for Boys G-13/2, No.2, Islamabad Model College for Boys G-15, No.3, Islamabad Model College for Boys, Pakistan Town, Islamabad, No.4, Islamabad Medical College for Boys, Margallah Town, Islamabad, Islamabad Model College for Girls G-13/1, Islamabad. Islamabad Model College for Girls, G-14/1, Islamabad, and Islamabad Model School (I-IV) Gurha Shahan, FA Islamabad.

Ma Sha Allah, Imran Khan Sahib is also focussing on education and bringing these landmark steps for the first time in the past Ideas-2030 in Islamabad. These seven new institutions *Insha Allah* bring a new change and the landmark in the education field and for the people and all those who migrated to Islamabad from different areas. So, your concern will be addressed now.

Mr. Chairman: Senator Irfan Siddiqui on supplementary question.

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: جناب چیئرمین! شکریہ۔ علی محمد خان صاحب نے بڑی تفصیل بتائی ہے۔ مجھے ان سے بڑی ہمدردی بھی ہوتی ہے کہ وہ ساری وزارتوں کا بوجھ اپنے توانا کندھوں پر اٹھائے ہوئے ہیں، ناتواں تو میں نہیں کہتا۔ میں ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے آنے والے منصوبے تو گنوا دیے ہیں۔ ایک تو یہ بتادیں کہ گزشتہ تین سالوں میں اسلام آباد میں کتنے نئے ادارے کھلے ہیں۔ دوسری اس سے بھی اہم بات یہ ہے کہ حکومتی اعداد و شمار یہ بتاتے ہیں کہ تیس ہزار سے زائد بچے جو school going age کے ہیں، وہ سکولوں سے باہر ہیں۔ ان کے لیے کیا اقدامات کیے جا رہے ہیں؟

